قواعد زمیندار ایسوسی ایشن مظفرنگر

جو

تاریخ ۱۹ مارچ سنہ ۱۹۰۷ع کو جلسہ جنرل میٹنگ زمیندار ایسوسی ایشن میں منظور ہوئے اور

جنکی

بتاریخ ۱۶ - اپریل سنہ ۱۹۰۷ع حسب منشاء ایکٹ بست و یکم بابتہ سنہ ۱۸۶۰ع

رجسٹری ہوئی

سنہ ۱۹۰۷ع

مطبع امیر السلطان شہر مظفرنگر میں طبع ہوا

میمورنڈم آف الیوسی ایشن

زمیندار الیوسی ایشن مظفرنگر

جنکی

حسب منشاء ایکٹ بست و یکم بابتہ سنہ ۱۸۶۰ء رجسٹری ہوئی

دفعہ ۱ - نام اس الیوسی ایشن کا زمیندار الیوسی ایشن مظفرنگر ہے -

دفعہ ۲ - اغراض و مقاصد الیوسی ایشن ہذا کے حسب ذیل ہین -

(۱) زراعت اور دستکاری متعلقہ زراعت کو بلحاظ تجربہ اور جدید علمی طریقون سے ترقی دینا اور اون کے متعلق جدید معلومات کو بذریعہ قایم کرنے ماڈل فارم یعنی کارخانہ امتحانی و بذریعہ اشاعت رسالہ جات و کتب و بذریعہ انتخاب کرنے و رواج دینے عمدہ اقسام تخم غلہ وغیرہ و آلات کشاورزی و دیگر وسایل کے جو وقتاً فوقتاً ضروری اور مناسب معلوم ہون زمیندارون اور کاشتکارون مین پھیلانا -

(۲) فن باغبانی یعنی پیداوار سبزی و ترکاری و میوہ جات و پھول کو ترقی اور اشاعت دینا

(۳) درختان ثمردار وغیر ثمردار جو نہایت قیمتی ہوتے ہین مثلاً سال - آبنوس - ساگون مہوگنی وغیرہ انکی کاشت مین ترقی اور رواج دینا -

(۴) نسل مویشی بالخصوص نرگاوان قلیہ ای مین ترقی کرنا -

(۵) ملکی دستکاری و صنعت کو ترقی دینا اور اوسکی اشاعت کرنا -

(۶) (۱) باہمدگر گورنمنٹ اور رعایا کے (۲) و باہمدگر خود زمیندارون کے (۳) و باہم گر زمیندارون و کاشتکارون کے محبت و اتحاد کو بڑہانا -

(۷) جو تنازعات باہمدگر زمینداروں کے ہون خواہ باہمدگر زمینداروں و کاشتکاروں کے ہون
خواہ باہمدگر کاشتکاروں کے ہون اُن مین باہمی تصفیہ کی کوشش کرنا۔

(۸) زمینداروں اور کاشتکاروں کے حقوق کی نگرانی و ترقی و حفاظت کرنا۔ اونکی تعلقات
اور ضروریات و خواہشات کو حکام بالادست کی خدمت مین التماس کرنا اور عام طور پر ایسی دیگر
تدابیر عمل مین لانا جو کہ واسطے فلاح و بہبودی اہل ملک کے ضروری ہون۔

(۹) جو مسودات قانون وقتاً فوقتاً پیشگاہ گورنمنٹ زیر بحث اور زیر تجویز ہون اون پر غور کرنا
اور اُنکی نسبت رائے ظاہر کرنا اور قوانین اور احکام موجودہ مین جو نقص اور خرابی
اور دشواری تجربہ سے وقتاً فوقتاً معلوم ہون اون کو بحضور گورنمنٹ ظاہر کرکے درخواست
اصلاح کرنا۔

(۱۰) ایسے طریقہ تجویز کرنا جن سے زمینداروں کے لڑکوں کی تعلیم مین ایسی ترقی ہو جس سے
کہ وہ اپنے علاقہ جات کا کام بخوبی اور اپنے فرائض و ذمہ داریوں کو بخوش اسلوبی انجام
دے سکین اور علی ہذالقیاس دیہات مین تعلیم ابتدائی کا مروج کرنا۔

(۱۱) زمینداروں اور کاشتکاروں کو اس امر کی ترغیب دینا کہ امداد باہمی بذریعہ جاری کرنے
بنک ہائے زراعتی کے اور تقسیم کرنے عمدہ قسم کے تخم کے کرین اور اسی قسم کی دیگر
تدابیر عمل مین لاوین۔

(۱۲) بغرض فائدہ ممبران ایسوسی ایشن ایک کتب خانہ کا جاری کرنا۔

(۱۳) جائداد منقولہ و غیر منقولہ ملکیت ایسوسی ایشن کو اپنے قبضہ مین رکھنا اور اوسکا انتظام کرنا

(۱۴) ایسے دیگر امور کا عمل مین لانا جو کہ اغراض و مقاصد مندرجہ بالا کے حصول کے واسطے
ضروری ہون۔

دفعہ ۳۔ نام، پتہ اور پیشہ اون صاحبوں کا جو ایسوسی ایشن ہذا کی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر ہین
حسب ذیل ہین۔

(الف) صاحبان ذیل جو بروئے دفعہ نمبر ۱۵ کے مقرر ہیں۔

۱- پریسیڈنٹ - راجہ بلونت سنگھ صاحب بہادر - سی - آئی - ای - راجہ صاحب آواگڈھ۔

۲- وائس پریسیڈنٹ - سید اصغر علی خان صاحب زمیندار جانسٹھ ضلع مظفرنگر۔

۳- لائف سکرٹری - آنریبل رائے نہال چند بہادر - زمیندار مظفرنگر۔

۴- جائنٹ سکرٹری - لالہ انند سروپ صاحب زمیندار مظفرنگر۔

۵ اڈیٹران - لالہ رامچندپال صاحب آنریری مجسٹریٹ و زمیندار میرٹھ

ایضاً سید مرتضیٰ حسین صاحب آنریری مجسٹریٹ و زمیندار جولی ضلع مظفرنگر

۶ خزانچی - لالہ انند سروپ صاحب - زمیندار مظفرنگر

(ب) صاحبان ذیل جو بروئے دفعہ نمبر ۱۵ - اگزیکیٹو کمیٹی کے ممبر انتخاب ہوئے۔

۱- پنڈت سیتل پرشاد صاحب پنشن یافتہ ڈپٹی کلکٹر و زمیندار مظفرنگر

۲- بابو شیام لال صاحب منیجر ریاست کنور جگدیش پرشاد و کنور دیبی پرشاد صاحبان رئیس مظفرنگر

۳- سید مظفر علی خان صاحب - زمیندار جانسٹھ ضلع مظفرنگر۔

۴- سید مشتاق حسین صاحب زمیندار کھیڑی ضلع مظفرنگر۔

۵- سید نجم الدین حسین صاحب زمیندار کھیڑی ضلع مظفرنگر۔

۶- پنڈت اندر پرشاد صاحب وکیل مظفرنگر۔

۷- لالہ رام گوپال صاحب زمیندار مظفرنگر

۸- چودھری بلبیر سنگھ صاحب زمیندار موضع گھاسی پورہ ضلع مظفرنگر۔

۹- شیخ وحید الدین صاحب زمیندار میرٹھ

۱۰- لالہ شیو پرشاد صاحب زمیندار مظفرنگر۔

۱۱- بابو سکھبیر سنگھ صاحب ولد آنریبل رائے نہال چند بہادر زمیندار مظفرنگر۔

۱۲- مرزا لیاقت حسین صاحب مختار عام نواب صاحب کرنال رئیس مظفرنگر۔

۱۳- لاله مرلی لال صاحب آنریری مجسٹریٹ زمیندار سہارنپور

۱۴- لاله دہوم سنگ صاحب آنریری مجسٹریٹ زمیندار مظفرنگر

۱۵- لاله منوہر لال صاحب زمیندار مظفرنگر

دفعہ ۴- ایک جلد قواعد زمیندار ایسوسی ایشن مظفرنگر ہمرشتہ میمورنڈم ہذا ہے اور ہم ساتوں ممبران ایکزیکیٹو کمیٹی جنکے دستخط نیچے ثبت ہیں تصدیق کرتے ہیں کہ یہ نقل قواعد زمیندار ایسوسی ایشن مظفرنگر مطابق اصل ہے۔

دفعہ ۵- نقل روئداد جلسہ زمیندار ایسوسی ایشن مظفرنگر منعقدہ ۱۹- مارچ سنہ ۱۹۰۷ء جس میں کہ ایسوسی ایشن ہذا کی رجسٹری کرانا قرار پائی تھی میمورنڈم ہذا کے ساتھ حسب منشاء دفعہ ۱۰ ایکٹ بست و یکم بابتہ سنہ ۱۸۶۰ء منسلک ہے۔ اور آج بتاریخ یکم اپریل سنہ ۱۹۰۷ء ہم اپنے دستخطوں کے ذریعہ سے میمورنڈم ہذا کی تصدیق کرتے ہیں۔ فقط

العبد	العبد	العبد
دستخط نہالچند (رائے بہادر)	دستخط بابو شام لال	دستخط مرزا لیاقت حسین
العبد	العبد	العبد
دستخط بابو سکھبیر سنگھ	دستخط سید مشتاق حسین	دستخط پنڈت سیتل پرشاد
العبد		گواہ شد
دستخط لاله منوہر لال		دستخط پنڈت اندر پرشاد وکیل

قواعد زمیندار ایسوسی ایشن مظفرنگر

دفعہ ۱۔ یہ انجمن ۱۸۹۶ء مین بمقام مظفرنگر کل صوبہ آگرہ کے فائدہ کی غرض سے جاری ہوئی تھی اور نام اوسکا زمیندار ایسوسی ایشن مظفرنگر تھا وہی بدستور رہیگا۔

اغراض ومقاصد

دفعہ ۲۔ اغراض ومقاصد انجمن ہذا کے حسب ذیل ہین۔

۱۔ زراعت اور دستکاری متعلقہ زراعت کو بلحاظ تجربہ اور جدید علمی طریقون کے ترقی دینا اور اُنکے متعلق جدید معلومات کو بذریعہ قایم کرنے ماڈل فارم یعنی کارخانہ امتحانی و بذریعہ اشاعت رسالجات وکتب و بذریعہ انتخاب کرنے ورواج دینے عمدہ اقسام تخم غلہ وغیرہ وآلات کشاورزی ودیگر وسایل کے جو وقتاً فوقتاً ضروری اور مناسب معلوم ہون زمیندارون اور کاشتکارون مین پھیلانا۔

۲۔ فن باغبانی یعنی پیداوار سبزی وترکاری ومیوہ جات وپھول کو ترقی اور اشاعت دینا۔

۳۔ درختان ثمردار وغیر ثمردار جو نہایت قیمتی ہوتے ہین مثلاً اسال۔ آبنوس۔ساگون۔مہوگنی وغیرہ اُنکی کاشت مین ترقی اور رواج دینا۔

۴۔ نسل مویشی بالخصوص نرگاوان قلمرانی مین ترقی کرنا۔

۵۔ ملکی دستکاری اور صنعت کو ترقی دینا اور اونکی اشاعت کرنا۔

۶۔ (۱) باہمدگر گورنمنٹ اور رعایا کے (۲) وباہمدگر خود زمیندارون کے (۳) وباہم زمیندارون وکاشتکارون کے اتحاد ومحبت کا بڑہانا۔

۷۔ جو تنازعات باہمدگر زمیندارون کے ہون خواہ باہمدگر زمیندارون وکاشتکارون کے ہون خواہ باہمدگر کاشتکارون کے ہون اُن مین باہمی تصفیہ کی کوشش کرنا۔

۸۔ زمیندارون اور کاشتکارون کے حقوق کی نگرانی وترقی وحفاظت کرنا اونکی تکلیفات اور ضروریات وخواہشات کو حکام بالادست کی خدمت مین التماس کرنا اور عام طور پر ایسی دیگر تدابیر عمل مین لانا جو کہ

واسطے فلاح وبہبودی اہل ملک کے ضروری ہون۔
۹۔ جو مسودات قانون وقتاً فوقتاً بپشگاہ گورنمنٹ زیر بحث اور زیر تجویز ہون اون پر غور کرنا اور اونکی نسبت رائے ظاہر کرنا اور قوانین واحکام موجودہ مین جو نقص اور خرابی اور دشواری تجربہ سے وقتاً فوقتاً معلوم ہون اون کو بحضور گورنمنٹ ظاہر کرکے درخواست اصلاح کرنا۔
۱۰۔ ایسے طریقہ تجویز کرنا جن سے زمینداروں کے لڑکون کی تعلیم مین ایسی ترقی ہو جس سے کہ وہ اپنی علاقہ جات کا کام بخوبی اور اپنے فرائض وذمہ داریون کو بخوش اسلوبی انجام دیسکین اور علی ہذا القیاس دیہات مین تعلیم ابتدائی کا مروّج کرنا۔
۱۱ زمینداروں اور کاشتکاروں کو اس امر کی ترغیب دینا کہ امداد باہمی بذریعہ جاری کرنے بنک ہائے زراعتی کے اور تقسیم کرنے عمدہ قسم کے تخم کے کرین اور اسی قسم کی دیگر تدابیر عمل مین لاوین۔
۱۲ بغرض فائدہ ممبران ایسوسی ایشن ایک کتب خانہ کا جاری کرنا۔
۱۳ جائداد منقولہ وغیر منقولہ بملکیت ایسوسی ایشن کو اپنے قبضہ مین رکھنا اور اوسکا انتظام کرنا۔
۱۴ ایسے دیگر امور کا عمل مین لانا جو کہ اغراض ومقاصد مندرجہ بالا کے حصول کے واسطے ضروری ہون

ممبران ایسوسی ایشن

دفعہ ۳۔ زمینداران وکاشتکاران ودیگر اشخاص جن کو ایسوسی ایشن کی اغراض ومقاصد سے ہمدردی ہے ایسوسی ایشن ہذا کے ممبر ہوسکتے ہین۔
دفعہ ۴۔ ممبر دو قسم کے ہون گے۔
(۱) معمولی (۲) اور آنریری۔
دفعہ ۵۔ بزمرہ ممبران معمولی کے جملہ اشخاص شریک ہونیکے مجاز ہین جو اغراض ومقاصد ایسوسی ایشن مین کوشش کرنا قبول کرین حسب ضابطہ عمدہ انتخاب کئے جائین اور چندہ سالانہ دینا قبول کرین چندہ کی تعداد عہ۱۲ بارہ روپیہ و سے چھ روپیہ سالانہ ہے اور جو محض کاشتکار ہین اون سے صرف تین روپیہ سال لیا جاویگا۔ اختلاف شرح چندہ سے کوئی تفاوت حقوق ممبران مین نہوگا۔

دفعہ ۶ - آنریری ممبران وہ ہونگے جن کی شرکت کو بلحاظ اونکی لیاقت علمی و وقعت وغیرہ کے ایسوسی ایشن ضروری اور مفید تصور کریگی۔

دفعہ ۷ - جو ممبر انجمن ہذا مین اسوقت (یعنی ان قواعد کے نافذ ہونیپر) موجود ہین بدستور قایم رہینگے۔

دفعہ ۸ - بعد اجرائے ان قواعد کے معمولی ممبری کیواسطے درخواست تحریری سکرٹری صاحب کے پاس بھیجی جائیگی جو جلسہ آیندہ مین واسطے منظوری کے پیش ہوگی ایک ممبر تحریک اور دوسرا تائید کریگا اور کثرت رائے سے منظور ہوگا۔

(۱) اسی طرح آنریری ممبری کے لئے جلسہ مین ایک ممبر تحریک اور دوسرا تائید کریگا اور کثرت رائے سے منظور ہوگا

دفعہ ۹ - تقرر ممبری کی اطلاع تحریری ممبر صاحب کو فوراً دیجاویگی اور ایک نقل قواعد ہذا کی اونکی خدمت مین بلاقیمت بھیجی جائیگی۔

وقت ادائگی چندہ

دفعہ ۱۰ - چندہ سالانہ پیشگی ماہ جنوری ادا ہونا چاہیئے لیکن اگر کوئی ممبر صاحب بعد ماہ جون کے منتخب ہون گے تو اون سے صرف چھ ماہ کا چندہ لیا جاویگا اور چندہ ہر حالت مین پیشگی ادا ہونا چاہیئے۔

علحدگی ممبران

دفعہ ۱۱ - بوجوہات ذیل تعلق ممبری کا انجمن ہذا سے منقطع ہوجاویگا۔

(۱) بحالت استعفا دینے کے۔ (۲) اگر کسی ممبر کے وجود سے انجمن کو ضرر مالی یا اعزازی پہونچتا ہو یا اوسکے افعال کمیٹی کارکن کی رائے مین بدچلنی کی حد تک پہونچ جاوین تو حسب تحریک کمیٹی کارکن کے انجمن کے جلسہ خاص مین جو اس غرض سے منعقد ہوا ہو اوس ممبر کا جواب تحریری لیکر شامل مثل کرنیکے بعد اوسکی علحدگی کی نسبت تجویز کیجاویگی۔ (۳) جو شخص چندہ دینگی اپنا تین سال تک ادا نہ کریگا وہ مستوجب [illegible] ایسوسی ایشن سے وصول کیا جاوے گا۔

[illegible] اور سرپرست ایسوسی ایشن

دفعہ ۱۲ - [illegible]

زیادہ چندہ یکشت عنایت فرمایا ہے یا فرماوینگے وہ پیٹرن یعنی ولی اور سرپرست ایسوسی ایشن کے ہونگے۔
قواعد ہذا کے مطابق اسوقت مندرجہ ذیل صحاب ایسوسی ایشن کے پیٹرن ہین۔

(۱) راجہ بلونت سنگھ صاحب بہادر سی آئی۔ ای۔ راجہ صاحب آواگڈھ

(۲) ساہو لالت پرشاد صاحب رائے بہادر۔ رئیس چپلی بھیت

(۳) آنریبل نواب ممتاز الدولہ محمد فیاض علی خان صاحب سی۔ ایس۔ ای۔ رئیس پہاسو ضلع بلندشہر۔

(۴) ساہو جگناتھ صاحب رائے بہادر رئیس پیلی بھیت

(۵) راجہ کشن کمار صاحب رئیس سہسپور بلاری۔ ضلع مرادآباد

(۶) آنریبل منشی مادہو لال صاحب رئیس بنارس۔

(۷) لالہ جوتی پرشاد صاحب رئیس جگادہری ضلع انبالہ

(۸) شیخ وحیدالدین صاحب رئیس میرٹھ

(۹) آنریبل رائے نہال چند بہادر۔ رئیس مظفرنگر۔

دفعہ ۱۳۔ انجمن ہذا کے عہدہ دار حسب ذیل ہون گے

(۱) پریسیڈنٹ (۱) (۲) وائس پریسیڈنٹ (۱) (۳) سکریٹری (۱) (۴) جائنٹ سکریٹری (۱)
(۵) اڈیٹران (دو) (۶) خزانچی (۱)

دفعہ ۱۴۔ اسوقت ایسوسی ایشن ہذا کے سکریٹری آنریبل رائی نہال چند صاحب بہادر ہین جو بصلہ اُن خدمات کے جوکہ رائی صاحب موصوف نے بطور بانی سابانی ایسوسی ایشن ہذا کی کی ہین لائف سکریٹری ایسوسی ایشن کے قرار دئیے گئے۔

ایکزیکیٹیو کمیٹی (یعنی کارکن کمیٹی)

دفعہ ۱۵۔ ایک ایکزیکیٹیو کمیٹی (یعنی کمیٹی کارکن) ہو گی جس مین کم سے کم دس ممبر علاوہ عہدہ داران مصرحہ دفعہ ۱۳ کے جو سالانہ انتخاب کئے جاوینگے ہونگے انتظام ایسوسی ایشن کا اور تعمیل احکام صادرہ ایسوسی ایشن

جلسہ ہائے سالانہ

دفعہ ۱۶۔ سالانہ جلسہ۔ ہر سال بماہ فروری ایک سالانہ جلسہ انجمن ہذا کا منعقد ہوگا جسمین جملہ ممبران ایسوسی ایشن بلائے جاوینگے اور جس مین مفصلہ ذیل امور پیش ہون گے۔

(۱) روئداد جلسہ سال گذشتہ پڑہی جاویگی (۲) روئداد جلسہ ایگزیکیٹو کمیٹی منظور کیجاویگی (۳) جانچ شدہ حسابات سال گذشتہ منظور کئے جاوینگے (۴) بجٹ سال آیندہ تجویز کیا جاویگا (۵) عہدہ داران مصرحہ دفعہ ۱۳ کے انتخاب کئے جاوینگے (۶) ایگزیکیٹو کمیٹی کے ممبران کا انتخاب کیا جاویگا (۷) دیگر امور مناسب تجویز کئے جاوین گے۔

دفعہ ۱۷۔ تاریخ جلسہ سالانہ سے کم از کم دو ہفتہ قبل نوٹس جاری کیا جاویگا جس مین تاریخ وقت اور مقام جلسہ کا درج ہوگا اور جہانتک ممکن ہوسکیگا تفصیل اُن امور کی درج ہوگی جو جلسہ مین پیش ہون گے۔

جلسہ ہائے ایگزیکٹو کمیٹی

دفعہ ۱۸۔ جلسہ ایگزیکیٹو کمیٹی کا ماہوار ہوا کریگا لیکن ممبران کو اختیار ہوگا کہ حسب ضرورت اور جلسہ بھی کرین کم سے کم دو یوم بیشتر تاریخ جلسہ کے نوٹس گشت کرایا جاویگا جلسہ مین امور ذیل پیش ہونگے۔

(۱) روئداد ماہ سابق (۲) حساب ماہ سابق (۳) دیگر امور ضروری۔

جلسہ ہائے خاص

دفعہ ۱۹ (ا) جلسہ خاص۔ جلسہ خاص کے لئے کچھ تعین وقت کا نہین ہے پریسیڈنٹ صاحب سکریٹری صاحب کو اختیار ہے کہ جب کسی معاملہ مین مشورہ لینے کی ضرورت ہو جلسہ خاص منعقد کرین۔

(ب) جلسہ خاص اس حالت مین بھی ہوسکتا ہے جبکہ کم از کم چھ ممبران بذریعہ درخواست تحریری کے سکریٹری صاحب کو اغراض وضرورت جلسہ سے مطلع کرین اور سکریٹری صاحب تاریخ درخواست سے ایک ماہ کے اندر کی تاریخ اس غرض کیواسطے مقرر کرین گے۔

دفعہ ۲۰۔ اسپیشل میٹنگ یعنی جلسہ خاص کا نوٹس کم از کم دو ہفتہ قبل تاریخ انعقاد سے گشت کرایا جائیگا۔

کورم

(ا) جلسہ سالانہ مین ایک چہارم ممبران کا (ب) جلسہ ایکزیکٹیو کمیٹی مین ایک تہائی ممبران ایگزیکٹیو کمیٹی کا علاوہ عہدہ داران کے (س) جلسہ خاص مین ایک چہارم تعداد ممبران کا کورم ہوگا۔

دفعہ ۲۲۔ اگر تعداد ممبران حاضر کی کافی نہو تو بوجہ نہونے کورم کے جلسہ ملتوی کیا جاویگا اور سکرٹری صاحب کوئی دوسری تاریخ اوس جلسہ کیلئے مقرر کرکے بلحاظ ضرورت کے وقت مناسب پہلے سے اطلاع دیوینگے اور اوس جلسہ مین بلا لحاظ کورم کے کاروائی کیجاویگی۔

دفعہ ۲۳۔ ایسے جلسہ ملتوی شدہ مین کوئی کام علاوہ اوس کام کے پیش نہین ہوگا جو اصل جلسہ مین پیش ہوسکتے تھے۔

انتخاب میر مجلس

دفعہ ۲۴۔ ہر جلسہ مین پریسیڈنٹ صاحب میر مجلس ہوا کرینگے اگر پریسیڈنٹ صاحب تشریف نہ رکھتے ہون تو وائس پریسیڈنٹ صاحب میر مجلس ہونگے بحالت اونکی عدم موجودگی کے کوئی ممبر منجملہ ممبران حاضر کے میر مجلس جلسہ کا منتخب کیا جاویگا لیکن ضرور ہوگا کہ اگر پیٹرنس مین سے کوئی صاحب موجود ہون تو اونکو میر مجلس منتخب کیا جاوے۔

تحریک ہائے

دفعہ ۲۵۔ تمام تحریک ہائے کی تائید ضروری ہوگی جب کوئی امر کمیٹی مین پیش ہوگا تو اول اوسکی تحریک کسی ممبر کی جانب سے اور تائید دوسرے ممبر کی جانب سے ہوگی اسی طرح سے اگر کوئی ترمیم پیش ہوگی تو اوسکی بھی تائید ضروری ہوگی اور بلحاظ کثرت رائے طے ہوگا اگر کسی تحریک کی تائید نہ کیجاویگی تو وہ تحریک ساقط ہوجاویگی۔

دفعہ ۲۶۔ جب کسی ممبر کو کوئی امر کمیٹی مین پیش کرنا منظور ہو تو واجب ہے کہ اوسکی اطلاع تحریری سکرٹری صاحب کو پندرہ یوم قبل از جلسہ کے دیجاوے اگر پہلے سے اطلاع نہ دی گئی ہو تو صرف باجازت پریسیڈنٹ کے کوئی معاملہ جدید پیش ہوسکتا ہے کوئی تحریک منجانب ممبر غیر حاضر کے کوئی دوسرا ممبر یا سکرٹری پیش کریگا۔

دفعہ ۲۷۔ تمام معاملات جلسہ مین کثرت رائے سے طے ہوا کرینگے ایسی حالت مین جبکہ تعداد رایون کی معہ رائے پریسیڈنٹ صاحب مساوی ہون اوسوقت پریسیڈنٹ صاحب کی رائے دو رائے کے برابر سمجھی جاویگی۔

دفعہ ۲۸۔ جو ممبر حاضر نہوسکے مجاز ہے کہ اپنی تحریری رائے سکرٹری صاحب کے پاس بھیجدیوے خواہ بذریعہ تحریر [illegible]

یعنی قایم مقام کے کام کرسکتے ہین۔

دفعہ ۲۹۔ ہر ممبر کو ہر ایک تحریک یا ترمیم پر صرف ایک مرتبہ بولنے کا اختیار ہوگا لیکن وہ اپنی تحریک کی تشریح یا کسی اعتراض کے جواب مین دوبارہ گفتگو کرسکتا ہے اور پریسیڈنٹ صاحب کی اجازت سے ہر حالت مین مجاز گفتگو کا ہوگا۔

معاینہ کاغذات

دفعہ ۳۰۔ ہر ممبر مجاز ہے کہ کاغذات وحسابات ایسوسی ایشن کو دفتر مین ملاحظہ کرے۔

حساب کی کتابون اور روپیہ کی تحویل

دفعہ ۳۱۔ تمام روپیہ سکرٹری صاحب وصول کرین گے اور رسید دیوین گے جو روپیہ واسطے سرمایہ مستقل کے وصول ہوگا وہ کسی لمٹیڈ بنک مین سکرٹری صاحب جمع کرینگے اور بلا اجازت ایکزیکیٹو کمیٹی کے واپس لیکر خرچ نہ کیا جاویگا۔ لیکن چندہ سالانہ اور سود سرمایہ مستقل کو سکرٹری صاحب اپنی تحویل مین واسطے اخراجات روزمرہ کے رکھین گے۔

فرائض سکرٹری

دفعہ ۳۲۔ تقرری معطلی برخاستگی اور جرمانہ رخصت ملازمان کی باختیار سکرٹری صاحب ہوگی مگر ایکزیکیٹو کمیٹی مجاز ہوگی کہ حکم سکرٹری صاحب مین ترمیم یا اصلاح یا اوسکو منسوخ کردے۔ مگر کوئی موقوفی یا استعفاء اسوقت تک عمل مین نہین آسکیگا جبتک کہ ایک مہینہ قبل سے سکرٹری صاحب نے موقوفی کا نوٹس ملازم کو یا ملازم نے اپنے استعفاء کا نوٹس سکرٹری کو نہ دیدیا ہو۔ سکرٹری مجاز کرنے تمام کاروبار معمولی کے ہون گے مطالبہ جات یافتنی ایسوسی ایشن کو ادا کرنا حساب آمدنی وخرچ کا حسب ہدایت ایکزیکیٹو کمیٹی رکھنا روداد جلسہ کو کتاب روداد مین درج کرانا۔ رپورٹ سالانہ وبجٹ سالانہ واسطے پیشی کے تیار کرنا بذمہ سکرٹری کے ہوگا۔

دفعہ ۳۳۔ تمام خط وکتابت متعلقہ ایسوسی ایشن ازجانب سکرٹری وبنام سکرٹری ہوگی۔

دفعہ ۳۴۔ تمام مقدمات ودیگر قانونی کارروائیان اور معاملون مین جسمین کہ ایسوسی ایشن ہذا کوئی فریق ہو سکرٹری قایم مقام ایسوسی ایشن کے قرار دئیے جاوینگے۔

دفعہ ۳۵۔ اثاثہ ایسوسی ایشن کا صرف اغراض و مقاصد ایسوسی ایشن کے واسطے خرچ کیا جاویگا۔

ذمہ داری

دفعہ ۳۶۔ کوئی ممبر کسی نقصان مالی کا جو کہ ایسوسی ایشن کو پہونچے ذمہ دار نہوگا سوائے اوس حالت کے کہ یہ نقصان اوسکی صریحی غلطی یا غفلت کا نتیجہ ہو۔

دفعہ ۳۷۔ خدانہ کرے اگر بند کرنے ایسوسی ایشن کی ضرورت پیش آوے تو بعد ادائگی جملہ مطالبات و قرضہ جات ذمگی ایسوسی ایشن کے جو جائداد اور روپیہ باقی بچیگا وہ درمیان ممبران ایسوسی ایشن کے کسی طرح تقسیم نہوگا بلکہ یہ رقم کسی دوسری انجمن کے سرمایہ مین منتقل کردیجائیگی جسکے اغراض و مقاصد انجمن ہذا کے اغراض و مقاصد کے مطابق ہون اور ایسی تجویز بلحاظ کثرت رائے ۳/۵ ممبران ایسوسی ایشن کے عمل مین آوے گی۔

رسالہ ایسوسی ایشن

دفعہ ۳۸ (۱) اسوقت ایک رسالہ بخط اردو ایسوسی ایشن سے وقتاً فوقتاً جاری ہوتا ہے جسمین احکام گورنمنٹ مسودات قانون و دیگر مضامین مفید زمینداران و کاشتکاران کے درج ہوتے ہین آیندہ یہ رسالہ ماہوار بدستور جاری ہوا کرے گا۔

(ب) بعض مضامین ایسے ہوتے ہین جن کی اطلاع ممبر صاحبان کو فوراً ہونی چاہئے ایسے کاغذات بطور سرکلر کے وقتاً فوقتاً چھاپ کر گشت کرائے جائینگے۔

(ج) جو رسالہ و کتب ایسوسی ایشن کی طرف سے چھاپے جاوینگے اور بعد تقسیم ہونے ممبران کے فاضل بچینگے وہ دیگر اشخاص کے ہاتھ بقیمت مجوزہ سکرٹری صاحب فروخت کئے جاوینگے درخواست خریداری بنام سکرٹری صاحب آنی چاہئے۔

دفعہ ۳۹۔ ان قواعد کی نظر ثانی ترمیم اور اصلاح جلسہ خاص مین ہو سکتی ہے۔

دفعہ ۴۰۔ نفاذ ان قواعد کا تاریخ امروزہ سے ہوگا۔

دستخط۔ [illegible] رائے بہادر سکرٹری زمیندار ایسوسی ایشن مظفرنگر